رول نمبر: _____	**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ** **کنزالمدارس بورڈ پاکستان**	KANZUL MADARIS BOARD
	درجہ: **متوسط سال دوم** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **دراسۃ القرآن**	
دستخط طالب علم: _____	تاریخ: **13-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**	
	مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____	

حصہ اول: معروضی
کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: اللہ تعالیٰ کی قدرت ہر شے کو۔۔۔ ہوئے ہے۔

(الف) گھیرے (ب) چھپائے (ج) دونوں (د) دونوں میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: اَحَد کا معنی۔۔۔ ہے۔

(الف) ایک (ب) جاننے والا (ج) بے نیاز (د) سننے والا

سوال نمبر 3: جہنم کفار اور مشرکین کا۔۔۔ ہے اور وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے۔

(الف) سفر کی جگہ (ب) ٹھکانا (ج) سونے کی جگہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: حضرت یونس علیہ السلام کن کی اولاد میں سے ہیں؟

(الف) ہود علیہ السلام (ب) صالح علیہ السلام (ج) ابراہیم علیہ السلام (د) یعقوب علیہ السلام

سوال نمبر 5: نازعات سے۔۔۔ فرشتے مراد ہیں۔

(الف) عرش اٹھانے والے (ب) روح قبض کرنے والے (ج) بارش برسانے والے (د) وحی لانے والے

سوال نمبر 6: کفار مکہ مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کئے جانے کا۔۔۔ کرتے تھے۔

(الف) انکار (ب) اقرار (ج) دونوں (د) کچھ نہیں

سوال نمبر 7: فرشتے کافروں کی روح۔۔۔ نکالتے ہیں۔

(الف) نرمی سے (ب) سختی سے (ج) سلا کر (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 8: عبس کا معنی ہے۔

(الف) ماتھے پر بل لانا (ب) نرمی کرنا (ج) سختی کرنا (د) کچھ نہیں

سوال نمبر 9: پھر جب کان پھاڑنے والی۔۔۔ آئے گی آدمی اپنے بھائی سے بھاگے گا۔

(الف) عورت (ب) آواز (ج) دونوں (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 10: مسلمان بھائی کی پیٹھ پیچھے برائی بیان کرنا۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(الف) حسد (ب) غیبت (ج) چوری (د) دھوکا

سوال نمبر 11: جب دو مسلمانوں میں کسی بات پر لڑائی ہو جائے تو۔۔۔ کروا دینی چاہیے۔

(الف) لڑائی (ب) صلح (ج) غیبت (د) چغلی

سوال نمبر 12: آسمانی کتابوں کی تعداد ہے۔

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

سوال نمبر 13: تورات۔۔۔ پر نازل ہوئی۔

(الف) حضرت محمد ﷺ (ب) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام (د) حضرت داؤد علیہ السلام

سوال نمبر14: انفطار کا معنی ہے۔

(الف) پھٹنا (ب) دیکھنا (ج) پگھلنا (د) دوڑنا

سوال نمبر15: اللہ تعالیٰ نے خود قرآن کی ۔۔۔ذمہ لیا ہے۔

(الف) پھیلانے کا (ب) یاد کروانے کا (ج) حفاظت کا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر16: سورۃ تکویر میں کس فرشتے کی صفات کو بیان کیا گیا؟

(الف) حضرت جبریل علیہ السلام (ب) میکائیل علیہ السلام (ج) اسرافیل علیہ السلام (د) عزرائیل علیہ السلام

سوال نمبر17: فضول خرچ ۔۔۔ بھائی ہیں۔

(الف) انسانوں کے (ب) جنات کے (ج) شیطان کے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: سورۃ عبس میں کس صحابی کا ذکر ہے؟

(الف) حضرت ابو بکر کا (ب) حضرت عمر کا (ج) حضرت عبداللہ بن ام مکتوم کا (د) حضرت عثمان کا

سوال نمبر19: صور کتنی مرتبہ پھونکا جائے گا؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 1

سوال نمبر20: اللہ تعالیٰ نے کائنات کا نظام چلانے کے لئے ۔۔۔ مقرر فرمائے۔

(الف) نبی (ب) فرشتے (ج) جن (د) انسان

سوال نمبر21: حضرت یونس علیہ السلام کا نام قرآن میں ۔۔۔ مرتبہ آیا۔

(الف) 8 (ب) 6 (ج) 5 (د) 4

سوال نمبر22: کافر قیامت کے دن تمنا کرے گا کاش میں ۔۔۔ ہو جاتا تاکہ عذاب سے بچ جاتا۔

(الف) مٹی (ب) لوہا (ج) پانی (د) آگ

سوال نمبر23: حی کا معنی ہے۔

(الف) سویا ہوا (ب) زندہ (ج) جاگنے والا (د) سننے والا

سوال نمبر24: ہمیشہ رہنے والی ذات ۔۔۔ کی ہے؟

(الف) انسان (ب) فرشتوں (ج) اللہ تعالیٰ (د) جنات

سوال نمبر25: "مُعز" کا معنی ہے۔

(الف) عزت دینے والا (ب) ذلت دینے والا (ج) موت دینے والا (د) دولت دینے والا